صحابہ کرام کے گستاخ کے ساتھ تعلقات رکھنے کا حکم

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2846

تاریخ اجراء: 24 ذوالحجۃ الحرام 1445ھ/01 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

صحابہ کرام علیھم الرضوان کے گستاخ کے ساتھ کیسا تعلق رکھنا چاہیے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

صحابہ کرام علیھم الرضوان کی شان میں گستاخی کرنا سخت ناجائز و حرام اور فسق و بدعت ہے اور بعض صورتوں میں کفر ہے اور ایسا کرنے والا سخت گناہگار مستحق عذاب نار اور فاسق و گمراہ ہے۔ایسے شخص کے ساتھ سلام، کلام وغیرہ کسی طرح کا کوئی تعلق رکھنا جائز نہیں ہے، اس سے اس وقت تک قطع تعلقی کرنا ضروری ہے جب تک وہ اپنی اس حرکت سے باز آکر سچی توبہ نہ کرلے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:" وَ اِمَّا یُنۡسِیَنَّكَ الشَّیۡطٰنُ فَلَا تَقۡعُدۡ بَعۡدَ الذِّكۡرٰى مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ "ترجمہ: اور جو کہیں تجھے شیطان بھلاوے تو یاد آئے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ۔(پارہ7، سورۃ الانعام، آیت68)

اس آیت کے تحت تفسیرات احمدیہ میں ہے"ھم المبتدع والفاسق والکافر والقعود مع کلھم ممتنع" ترجمہ: ظالم لوگ بدمذہب اور فاسق اور کافر ہیں، ان سب کے پاس بیٹھنا منع ہے۔(التفسیرات الاحمدیہ، صفحہ388، مطبع کریمیہ، بمبئی)

صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں"ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم" ترجمہ: ان سے دور بھاگو انھیں اپنے سے دور کرو کہیں وہ تم کو گمراہ نہ کردیں کہیں وہ تم کو فتنے میں نہ ڈال دیں۔(صحیح مسلم، جلد1، صفحہ12، داراحیاء التراث العربی، بیروت)

صحابہ کرام کے گستاخ کے متعلق شرح عقائد میں ہے"فسبھم والطعن فیھم ان کان مما یخالف الادلۃ القطعیۃ فکفر کقذف عائشۃ والا فبدعۃ وفسق وبالجملۃ لم ینقل عن السلف المجتھدین والعلماء الصالحین جواز اللعن علی معاویۃ"ترجمہ: صحابہ کرام علیھم الرضوان کی شان میں گالی و طعن اگر دلیل قطعی

کے مخالف ہو جیسے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر قذف کی تہمت لگانا، تو وہ کفر ہے اور اس کے علاوہ (صحابہ کرام کی شان میں گستاخی) فسق و بدعت ہے، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ پر لعن طعن کرنے کا جواز ائمہ مجتہدین اور علماء صالحین سے نہیں ملتا ہے۔ (شرح عقائد، صفحہ 338، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net